TPL Life

Window Takaful Operations

# کینسر کور شریعہ پلان

*Get Rs. 750,000 in case of Cancer Hospitalization
*Get Rs. 100,000 in Case of Death

## TPLلائف ۔WTO کینسرکورشریعہ پلان سے متعلق

بدقسمتی سے کینسر کے مرض میں مبتلا ہونے کا خدشہ ایک حقیقت ہے۔تقریباً ہرایک نے ہی اپنے حلقہ احباب میں کسی نہ کسی کواس مرض میں مبتلا ہوتے دیکھا ہے یا وہ ایسے شخص سے واقف ہوتے ہیں جواس موذی مرض میں مبتلا ہو۔اس قسم کی ناگہانی آفت کی صورت میں پڑنے والا مالی بوجھ،خوفناک مالی مسائل اپنے ساتھ لاسکتا ہے جو نہ صرف ان گھرانوں کو انتشار کا شکار کرسکتا ہے بلکہ ساتھ ہی ان کو تحفظ فراہم کرنے والے مالی وسائل کو بھی شدید متاثر کرسکتا ہے۔

TPLلائف انشورنس ۔WTO، نہ صرف اِن مالی ضروریات کو سمجھتا ہے بلکہ ساتھ ہی ایسے وقت میں کسی کو درپش ضرورت میں معاونت فراہم کرتے ہوئے، کینسرکورشریعہ پلان متعارف کرتا ہے، جوان مسائل کا حل فراہم کرنے کے ساتھ آپ کی مسکراہٹ کو ہمیشہ قائم رکھتا ہے۔

**TPLلائف۔WTO کینسرکورشریعہ پلان کے تحت پیش کردہ فوائدرسہولیات**

شریک فرد کے کینسر کے مرض میں مبتلا ہونے کی صورت میں-/750,000 روپے تک کی سہولیات بہم فراہم کی جاتی ہیں جو کینسر کے علاج سے متعلق مختلف قسم کے درج ذِیل علاج معالجہ کا احاطہ کریں گی:

- سرجری
- کیموتھراپی
- ریڈی ایشن تھراپی
- بون میروٹرانسپلانٹ
- امیونوتھراپی
- ہارمون تھراپی
- ہدف شدہ ڈرگ تھراپی
- کرایوا ایبلیشن
- ریڈیوفریکوینسی ایبلیشن

نوٹ فرمالیں کہ مذکورہ بالا فہرست حتمی نہیں ہے۔

کینسر کے مرض کی وجہ سے واقع ہونے والی وفات کی صورت میں بھی 1 لاکھ روپے تک کی طبعی موت کا احاطہ (کور) کیا جاتا ہے اور گھر کے نامزد فرد کو مالی ضروریات کی تکمیل کے لیے یکمشت ایک لاکھ روپے ادا کیے جائیں گے۔

### شرائط:

1۔ کمپنی کو کلیم کی تحریری اطلاع اسپتال اخراجات کے تصفیہ/رقم کی واپسی کے حوالے سے تیس (30) دنوں کے اندر اور طبعی موت کے حوالے سے واقع کے رونماء ہونے کے نوے (90) ایام کے اندر موصول ہونا ضروری ہے۔ نامزد رکن/اراکین، کمپنی کو مطلوب تمام ثبوت اپنے خرچ پر جمع کرائیں گے۔

2۔ کمپنی، بیمہ شدہ شخص/شریک فرد/نامزد فرد/افراد سے، بیمہ شدہ زندگی کی جانب سے کرائے جانے والے کسی بھی طبی معائنہ اور/یا ٹیسٹ کی معلومات اور نتائج وصول کرنے کی تحریری اجازت طلب کرسکتی ہے۔ضروری اجازت/رضامندی دینے میں ناکامی کی صورت میں اس تکافل رکنیت (ممبرشپ) کے تحت ملنے والا فائدہ فوری طور پر منسوخ کردیا جائے گا۔

3۔ اس تکافل رکنیت (ممبرشپ) کے تحت بیمہ (کوریج)، فائدہ کی مدت تک مؤثر ہے، جوکہ تکافل رکنیت (ممبرشپ) کارڈ میں درج کی گئی ہے۔

4۔ شریک فرد کی عمر پلان کے آغاز کے وقت لازمی طور پر تکافل رکنیت (ممبرشپ) کارڈ پر درج شدہ مقررہ حد کے اندر ہونا چاہیئے۔

5۔ کمپنی، بیمہ شدہ فوائد کی ادائیگی سے قبل بیمہ شدہ رکن (ممبر) کی عمر کا ثبوت طلب کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

## ممانعت/اخراج

### برائے طبعی موت:

(a)۔ بیمہ شدہ بیماری کے علاوہ دیگر کسی وجہ سے واقع ہونے والی وفات
(b)۔ خودکشی
(c)۔ مجرمانہ عمل
(d)۔ خودکونقصان پہنچانا یا ازخود لگایا

### برائے اسپتال میں داخلہ وعلاج/احاطہ (کور)

مندرجہ ذیل وجوہات کے براہِ راست یا بالواسطہ وقوع پذیر ہونے پر اسپتال میں داخلے کی صورت میں کسی بھی فائدہ کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

(a)۔ پہلے سے موجود حالات/بیماری
(b)۔ بے ضرر/سرطان سے پاک رسولی/رنمو
(c)۔ کینسر ہونے سے قبل گھاوؤں
(d)۔ سرطان سے پاک رسولی/گٹلی/گھاوؤں
(e)۔ بیمہ شدہ مرض کے علاوہ دیگر کوئی بیماری
(f)۔ زچگی سے متعلق اخراجات
(g)۔ کوئی بھی پیدائشی معذوری یا پیدائشی بیماری
(h)۔ کوئی بھی زیبائشی (کاسمیٹک) علاج
(i)۔ ایسے تشخیصی ٹیسٹ کے لیے اسپتال میں داخل ہونا جو بطور آؤٹ پیشنٹ کیا جاسکتا ہو۔
(j)۔ HIV یا ایڈز اور متعلقہ بیماریوں سے ہونے والے اخراجات
(k)۔ ازخود زخم لگانا، خودکشی کی کوشش، الکوحل کا غلط استعمال یا منشیات کا عادی ہونا اور خطرناک کھیلوں میں شرکت کرنا
(l)۔ عطیہ کرنے والے فرد کی اسکریننگ یا علاج بشمول پیوندکاری کے آپریشن کی صورت میں عطیہ کرنے والے شخص کے عضو کو نکالنے پر آنے والی لاگت
(m)۔ کوئی بھی بیماری جو رکنیت کی تاریخ آغاز سے رکنیت کے شیڈول میں مذکورہ ایام کی تعداد کے اندر ہو ماسوائے جسمانی چوٹ/زخم کے نتیجے میں واقع ہونے والی بیماری ۔ یہ ممانعت کمپنی میں تواتر کے ساتھ (بغیر رکے) تجدید پر لاگو نہیں ہوتی ہے۔
(n)۔ بطور آؤٹ پیشنٹ کرایا جانے والا کوئی بھی علاج یعنی معمول کا طبی معائنہ وغیرہ
(o)۔ جنگ، فسادت، ہڑتال، دہشت گردی کی کارروائیاں، نیوکلیئر ہتھیار کے استعمال کے نتیجے میں آنے والے زخم یا علاج
(p)۔ حمل اور بچے کی پیدائش سے متعلق بیماریاں اور اس کی پیچیدگیاں، بچے کی پیدائش (بشمول سرجیکل ڈیلیوری) اگر زچگی کے فوائد کو حاصل نہیں کیا گیا ہے۔
(q)۔ دانتوں سے متعلق تمام علاج یا اورل سرجری ماسوائے ہنگامی حادثاتی علاج برائے دندان
(r)۔ شرح پیدائش، بانجھ پن، مانع حمل یا نسبندی سے متعلقہ ٹیسٹ یا علاج اور اس سے متعلق کوئی بھی پیچیدگی
(s)۔ نفسیاتی ذہنی یا اعصابی عوارض (بشمول کسی بھی اعصاب کی خرابی اور اس کے جسمانی یا نفسیاتی اثرات) یا جنسی تفویض (خواہ وہ نفسیاتی وجوہات کے حوالے سے ہو یا نہ ہو)
(t)۔ کسی بھی خطرناک کھیل میں شرکت یا اس کی تربیت، کسی بھی قسم کی دوڑ میں تفریح یا مقابلہ یا سواری یا ڈرائیونگ یا مقابلہ بازی یا کوئی بھی پیشہ ورانہ کھیل
(u)۔ آئیونی تابکاری یا کسی بھی جوہری (نیوکلیئر) ایندھن یا جوہری فضلات، جوہری عمل سے یا کسی جوہری ہتھار کے مواد کی تابکاری سے متاثر ہونا۔
(v)۔ احتیاطی علاج، ویکسینیشن، وائرس ختم کرنے والے ادویات، غذائی سپلیمنٹ، وٹامنز اور ہارمونز کی تبدیلی کی تھراپی
(w)۔ بصری اور/یا نظر کی نگہداشت
(x)۔ ایلوپیتھک کے علاوہ کسی اور طریقہ علاج کے اخراجات

**پوچھے جانے والے سوالات:**

**TPLلائف۔WTO۔کینسرکورشریعہ پلان کے لیے زرتعاون (کنٹری بیوشن) کیا ہے؟**

TPL لائف۔WTO کینسرکورشریعہ پلان کے لیے زرتعاون (کنٹری بیوشن) مبلغ -/1,999 روپے برائے 12 ماہ ہے۔

**کیاTPLلائف۔WTO۔کینسرکورشریعہ پلان کے تحت کوئی مدت انتظار (ویٹنگ پیریڈ) ہے؟**

TPL لائف۔WTO کینسرکورشریعہ پلان کے تحت 30 دنوں کی مدت انتظار (ویٹنگ پیریڈ) ہوتی ہے۔

**کیاTPLلائف۔WTO۔کینسرکورشریعہ پلان کے تحت طبعی موت کا بھی احاطہ (کور) کیا جاتا ہے؟**

کینسر کے مرض کی وجہ سے وفات کی صورت میں 1 لاکھ روپے تک طبعی موت کا بھی احاطہ (کور) کیا جاتا ہے اور گھر کے نامزد شدہ رکن کو مالی ضروریات کی تکمیل کے لیے یکمشت 1 لاکھ روپے کی ادائیگی کی جائے گی۔

**اگر میں 65 سال سے زائد عمر کا ہوں تو کیا میں TPL لائف۔WTO۔کینسرکورشریعہ پلان حاصل کرسکتا ہوں؟**

نہیں, صرف 18 سال سے 60 سال کی عمر کے افراد TPL لائف۔WTO کینسرکور شریعہ پلان حاصل کرسکتے ہیں۔

**مجھے پراڈکٹ پسند نہ آنے کی صورت میں، کیا میں اپنا زرتعاون (کنٹری بیوشن) واپس لے سکتا ہوں؟**

جی ہاں، آپ خریداری سے 14 دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرسکتے/سکتی ہیں اور جس ایچ بی ایل کنیکٹ ایجنٹ شاپ سے آپ نے پراڈکٹ حاصل کی تھی، اسی سے اپنی رقم واپس لے سکتے/سکتی ہیں ۔

آپ اس حوالے سے TPL لائف ہیڈ آفس کے درج ذیل پتہ پر بھی تشریف لاسکتے/سکتی ہیں:

19-B، لین 3، ایس ایم سی ایچ ایس، رومی مسجد والی گلی،
شاہراہِ فیصل، کراچی، پاکستان۔

ای میل: info@tpllife.com، یواے این: 330-000-111 (021)

**کیا میں فری لک پیریڈ کے بعد تکافل رکنیت (ممبرشپ) کو منسوخ کرسکتا/سکتی ہوں؟**

جی ہاں، تاہم کسی قسم کے زرتعاون کی رقم واپس نہیں کی جائے گی۔

**کیاTPLلائف۔WTO۔کینسرکورشریعہ پلان کے تحت ہنگامی علاج (ایمرجنسی ٹریٹمنٹ)/او پی ڈی کا احاطہ (کور) کیا جاتا ہے؟**

نہیں، تکافل کوریج شریک فرد/بیمہ شدہ رکن کی جانب سے اسپتال میں 24 گھنٹوں سے کم کسی بھی مدت کے حوالے سے دستیاب نہیں ہے۔

**کیاTPLلائف۔WTO۔کینسرکورشریعہ پلان بیرونِ پاکستان کوریج فراہم کرتا ہے؟**

تکافل رکنیت کے تحت کوئی دعویٰ قابل ادائیگی نہیں ہوگا تاوقتیکہ وہ پاکستان میں وقوع پذیر نہ ہوا ہو۔تمام دعویٰ جات کی ادائیگی پاکستان میں، صرف پاکستانی روپے میں کی جائے گی۔

**TPLلائف۔WTO۔کینسرکورشریعہ پلان کی مدت کیا ہے؟**

TPL لائف(WTO)۔کینسرکورشریعہ پلان زیادہ سے زیادہ 12 ماہ کی مدت کے لیے حاصل کیا جاسکتا ہے ۔ ہر 12 ماہ بعد، شریک فرد کو TPL لائف(WTO)۔کینسرکورشریعہ پلان کے تحت کورڈ رہنے کے لیے ایک نیا TPL لائف (WTO)۔کینسرکورشریعہ پلان کارڈ حاصل کرنا ہوگا۔

**کیا میں 12 ماہ بعد بھی TPL لائف WTO۔کینسرکورشریعہ پلان کو جاری رکھ سکتا/سکتی ہوں؟**

جی ہاں، اگر آپ چاہیں تو آپ TPL لائف (WTO)۔کینسرکورشریعہ پلان کی دوبارہ تجدید کراسکتے/سکتی ہیں۔تکافل رکنیت (ممبرشپ) کی تجدید، آپ کی جانب سے کمپنی کی طرف سے تجدید کے وقت پیش کردہ شرائط وضوابط کی قبولیت/منظوری پر منحصر ہوگی۔

آپ اس پلان کے تحت اپنے بیمہ (کور)/تحفظ کو جاری رکھنے کے لیے ہا کینسرکورشریعہ پلان کارڈ ہماری جانب سے مختص شدہ کسی بھی ایچ بی ایل کنیکٹ ایجنٹ شاپ، جوکہ اس پراڈکٹ کے مخصوص ڈسٹری بیوٹر کے طور پر کام کرتی ہے، سے دوبارہ حاصل کرسکتے ہیں۔

**کیا میں TPLلائف۔WTO۔کینسرکورشریعہ پلان اپنی/اپنے شریک حیات اور گھر کے دیگر افراد کے لیے بھی حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟**

جی ہاں، آپ اپنی/اپنے شریک حیات اور گھر کے دیگر افراد کے لیے بھی TPL لائف۔(WTO) کینسرکورشریعہ پلان حاصل کرسکتے ہیں ۔ تاہم ان کا احاطہ (کوریج) ایک علیحدہ شریک فرد/بیمہ شدہ زندگی کے طور پر کیا جائے گا اور ان کے لیے علیحدہ تکافل کوریج حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی۔

18 سال سے کم عمر گھر کے افراد یا بچوں کو اس پلان کے تحت کور (احاطہ) نہیں کیا جاتا ہے۔

TPL Life

Window Takaful Operations

# Cancer Cover Shariah Plan

*Get Rs. 750,000 in case of Cancer Hospitalization
*Get Rs. 100,000 in Case of Death

## About TPL Life – Cancer Cover Shariah Plan

The risk of developing cancer, unfortunately, is very real. Nearly everyone has experienced or knows somebody in their circle who has been through a cancer diagnosis. Financial burden in case of a calamity such as this can bring along horrific financial burdens that can disrupt families and financial security nets that have been set up around.

TPL Life Insurance - WTO, understands the need of a financial requirement and support that one needs at such a time and introduces Cancer Cover Shariah Plan; a solution, just apt to ensure, you keep smiling, always.

## Benefits of the Plan

In case of Cancer ailment of the Participant a benefit of up to Rs. 750,000 is provided which will cover various cancer treatment expenses such as:

- Surgery
- Chemotherapy
- Radiation therapy
- Bone-marrow transplant
- Immunotherapy
- Hormone therapy
- Targeted drug therapy
- Cry ablation
- Radiofrequency ablation

Please note: The above list is not exhaustive

Natural death is also covered up to PKR 1 lac in case of death due to Cancer ailment and the Nominated Family Member will be paid a lump sum of Rs. 1 lac to address the financial requirements.

### Conditions

1. Written notice of a claim must be received by the Company within thirty (30) days for hospital reimbursement and ninety (90) days for Natural death from the occurrence of the event. The Nominee(s) shall furnish at their own expense all evidences that the Company may require.
2. The Company may require the Life Covered/Participant/Nominee(s) to provide a written consent to allow the Company to obtain information and receive the results of any medical examination and / or tests undergone by the Life Covered. Failure to provide the necessary consent will result in the immediate cancellation of any benefit under this Takaful Membership.
3. Coverage under this Takaful Membership is valid for the Membership Term that is stated on the Takaful Membership Card.
4. The age of the Participant at commencement must be within the age band stated on the Takaful Membership Card.
5. The Company reserves the right to require proof of age of the Life Covered before the Benefit Covered is paid.

## Exclusions

### For Natural Death:

a. Death resulting from anything other than covered illness.
b. Suicide
c. Criminal Acts
d. Self-inflicted injuries

### For Hospitalization Treatment/Cover

No benefit will be payable in the event of a Hospitalization caused or extended either directly or indirectly by:

a. Pre-existing conditions/diseases
b. Benign tumor/growth
c. Pre-malignant lesions
d. Non-malignant lesions
e. Any illness other than covered illness
f. Maternity related expenses
g. Any birth defects or congenital illness
h. Any cosmetic treatment
i. Hospital admission for the purpose of conducting diagnostic tests that could be performed on the insured as an outpatient
j. Expenses arising from HIV or AIDS and related diseases
k. Self-inflicted injury, attempted suicide, alcohol or drug addiction and participation in hazardous sports
l. Costs of donor screening or treatment including surgery to remove organs from a donor in case of transplant surgery
m. Any Illness contracted within the number of days mentioned in the membership schedule from inception date of the Membership except those that are incurred as a result of Bodily Injury. This exclusion doesn't apply for subsequent renewals with the Company without a break
n. Any treatment taken as an out-patient i.e. routine medical check-up etc.
o. Injury or treatment resulting from war, riots, strike, terrorism acts, nuclear weapon induced treatment
p. Pregnancy and childbirth related diseases and complication thereof, childbirth (including surgical delivery) if maternity benefit is not availed
q. All dental treatment or oral surgery apart from Emergency Accidental Dental Treatment
r. Tests or treatment relating to fertility, infertility, contraception or sterilization and any complication relating thereto
s. Psychotic mental or nervous disorders (including any neuroses and their physiological or psychosomatic manifestations) or sexual reassignment (whether or not for psychological reasons)
t. Participation in or training for any dangerous of hazardous sports, pastime or competition or riding or driving in any form of race or competition or any professional sports
u. Ionizing radiation or contamination by radioactivity from any nuclear fuel or nuclear waste, from the process of nuclear fission or from any nuclear weapons material
v. Preventive treatment, Vaccinations, antiretroviral drugs, dietary supplements, vitamins and hormone replacement therapy
w. Optical and / or vision care
x. Expenses for treatment other than Allopathic

## FAQs

**What is the Contribution for TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan?**

The contribution of TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan is Rs. 1,999 for 12 months.

**Is there any waiting period under the TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan?**

There is a 30 days waiting period under the TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan.

**Is Natural Death also covered under the TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan?**

Natural death is also covered up to PKR 1 lac in case of death due to Cancer ailment and the Nominated Family Member will be paid a lump sum of Rs. 1 lac to address the financial requirements.

**Can I avail TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan, if I am more than 65 years of age?**

No, the TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan can only be availed by individuals who are 18 – 60 years.

**Can I get a refund of contribution in case I do not like the product?**

Yes, you can cancel your membership within 14 days from the purchase and may get a refund of the amount from the HBL Konnect agent shop that you availed the product from.
You may also visit TPL Life head Office at

**TPL Life Insurance Limited – Window Takaful Operations**
19-B, Lane 3, SMCHS, in the lane of Roomi Masjid, Shahrah-e-Faisal, Karachi, Pakistan.
Email: info@tpllife.com,
UAN: (021) 111-000-330

**Can I cancel the Takaful Membership after the Free Look Period?**

Yes. However, no contribution refund will be given.

**Is emergency treatment or OPD covered under Cancer Cover Shariah Plan?**

No Takaful coverage is available for any period of less than 24 hours spent by the Participant/Covered Member(s) in a hospital.

**Does the TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan provides coverage outside Pakistan?**

No claim shall be payable under the Takaful Membership unless the cause of action arises in Pakistan. All claims shall be payable in Pakistan in Pak Rupees only.

**What is the Term of TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan?**

TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan can be availed for a maximum of 12 months. After every 12 months, the Participant will be required to avail a new TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan Card to stay covered under the TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan.

**Can I continue TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan after 12 months as well?**

Yes, you have the option to renew TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan again in case you wish to. Renewal of the Takaful Membership will depend on your acceptance of the Terms & conditions offered by the Company at time of renewal.

You may avail the – Cancer Cover Shariah Plan card from any of the assigned HBL Konnect agent shop acting as an exclusive distributor of this product to continue your cover/protection under this plan.

**Can I avail TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan for my Spouse or other Family members?**

Yes, you may avail the TPL Life (WTO) – Cancer Cover Shariah Plan for your Spouse or other Family members as well. However, they will be covered as a separate Participant /Life Covered and a separate Takaful coverage will be required to be availed.

Family members or Children under 18 years are not covered under this Plan.